# 01-12-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔متحدہ پالمور ضلع کے پراجکٹس مکمل کرنے کی ذمہ داری وہ خود قبول کرتے ہیں۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی کا آج نارائن پیٹ ضلع میں منعقدہ جلسہ عام میں تیقن۔

۲۔ ریاست میں مزید دو ماہ کے اندر آرٹیفیشل انٹلیجنس یونیورسٹی قائم کرنے ریاستی وزیر آئی ٹی ڈی سریدھر بابو کا اعلان۔

۳۔بی جے پی کے ریاستی صدر رام چندر راؤ نے کہا ریاستی حکومت کی جانب سے لائی گئی ہیلٹ پالیسی کی بی جے پی سختی سے کرتی ہے مخالفت۔

اور

۴۔ورلڈ ایڈس ڈے کے موقع پر ریاست کے تمام اضلاع میں ریالیاں اور پروگرامس کا انعقاد۔

hire buses

حکومت نے ریاست میں خواتین سلف ہلپ گروپس کو مزید بسیں کرایہ پر مختص کرنے کے عمل میں تیزی پیدا کردی ہے۔ابھی تک ریاست بھر میں 152 آر ٹی سی کی کرایہ کی بسیں منڈلوں میں خواتین گروپس کی جانب سے چلائی جارہی ہیں۔اس تناظر میں سیرپ سی ای او دویا دیوا راجن نے آر ٹی سی ایم ڈی ناگی ریڈی کو مکتوب روانہ کیا۔ بتایا گیا ہے کہ خواتین گروپس 448 بسیں خرید کر انہیں مکمل طور پر کرایہ پر آر ٹی سی کو دینے کے لئے تیار ہیں۔ بتایا گیا ہے کہ ضروری اجازت کی منظوری کے ساتھ ہی یہ بسیں آر ٹی سی کو حوالہ کی جائیں گی۔

AIDS

ورلڈ ایڈس ڈے کے موقع پر ریاست بھر کے تمام اضلاع میں شعور بیداری ریالیاں نکالی گئی اور اجلاس منعقد کئے گئے۔ ایڈس کی روک تھام سے متعلق اجتماعی طور پر عہد کیا گیا۔ ملگ ضلع میں منعقدہ پروگرام میں ضلع کے محکمہ صحت کے عہدیدار گوپال راؤ نے شرکت کی۔ نرمل ضلع میں منعقدہ پروگرام میں کلکٹر ابھیلاش ابھینو نے حصہ لیا۔ ناگر کرنول ضلع میں منعقدہ تقریب میں کلکٹر بداوت سنتوش نے شرکت کی۔ بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع میں منعقدہ پروگرام میں ڈسٹرکٹ میڈیکل اینڈ ہیلتھ آفیسر تکارام راتھوڑ نے حصہ لیا۔ ورنگل میں منعقدہ پروگرام میں ضلع کلکٹر ڈاکٹر ستیا شاردھا نے شعور بیداری پر روشنی ڈالی۔ ضلع منچر یال میں ہوئے پروگرام میں ڈی ایم ایچ او ڈاکٹر انیتا نے حصہ لیا۔ راجنا سرسلہ ضلع ویملواڑہ کے ایریا ہاسپٹل کے زیراہتمام منعقدہ شعور بیداری اجلاس میں ڈاکٹر دیپتی شریک رہے۔

Invitation

ریاستی حکومت نے بھارت فیوچر سٹی میں اس مہینہ کی 8 اور 9 تاریخ کو منعقد شدنی تلنگانہ رائزنگ گلوبل سمٹ میں قومی اور بین الاقوامی مندوبین کو مدعو کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی پارلیمنٹ میں اپوزیشن لیڈر راہول گاندھی، صدر کل ہند کانگریس ملکارجن کھرگے سے چیف منسٹر ریونت ریڈی شخصی طور پر ملاقات کرتے ہوئے انہیں مدعو کریں گے۔

Medaram

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ میڈارم کے ترقیاتی کاموں میں معیار کو ترجیح دی جائے۔ انہوں نے انتباہ دیتے ہوئے کہا کہ کسی بھی قسم کی لاپرواہی پر سخت کارروائی کی جائے گی۔ چیف منسٹر نے میڈارم کے ترقیاتی کاموں کا آج اپنے قیام گاہ پر جائزہ اجلاس طلب کیا۔ اِس موقع پر انہوں نے کاموں کے طریقہ کار کا پاور پوائنٹ پرزنٹیشن کے ذریعہ معائنہ کیا اور بعض مقامات پر کئے جانے والے احتیاطی اقدامات پر مشورے دئے۔ چیف منسٹر نے مقررہ وقت میں ترقیاتی کام مکمل کرلینے کی ہدایت دی۔

Tummala

ریاستی وزیر زراعت تو ملا ناگیشور راؤ نے ترقیاتی کام مقررہ وقت میں مکمل کر لینے کی ہدایت دی۔ انہوں نے آج عہدیداروں کے ساتھ کھمم میونسپل کارپوریشن کے تحت مونیر وندی پر ریٹائنگ وال، کیبل برج کی تعمیر، کھمم انڈر گراؤنڈ ڈرینج کے کاموں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ریاستی وزیر نے کنٹرا کٹ ایجنسی اور عہدیداروں کو ہدایت دی کہ ہر ماہ کاموں کی پیشرفت سے متعلق منصوبہ تیار کر کے اسے پیش کیا جائے۔

AI University

ریاستی وزیر آئی ٹی شریدھر بابو نے کہا ہے کہ عالمی سطح کی نامور یونیورسٹیوں کے تکنیکی تعاون سے مزید دو ماہ میں آرٹیفیشل انٹلیجنس یونیورسٹی کا آغاز کیا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ سافٹ ویر شعبہ میں خدمات انجام دینے والے انجینئرس، تعلیم مکمل کرنے والے طلبہ کو اس کے ذریعہ نئی اسکل ڈیولپمنٹ کی تربیت دی جائے گی۔ انہوں نے آج کوواسینٹ اے آئی اینوویشن سنٹر کا حیدرآباد میں افتتاح انجام دیا۔ شریدھر بابو نے کہا کہ موجودہ وقت میں یہاں پانچ سو انجینئر خدمات انجام دے رہے ہیں۔ کوواسینٹ میں مزید دو سال میں تین ہزار باصلاحیت افراد کو روزگار کے مواقع فراہم کئے جائیں گے۔

BJP Hilt

بی جے پی کے ریاستی صدر رام چندر راؤ نے کہا ہے کہ پارٹی ریاستی حکومت کی جانب سے لائے گئے حیدرآباد انڈسٹرئیل لینڈ ٹرانسفارمیشن یعنی Hilt پالیسی کی مخالفت کرتی ہے۔ انہوں نے اس پالیسی پر روک لگانے کی ہدایت جاری کرنے کی خواہش کرتے ہوئے ریاستی گورنر جشنو دیو ورما سے ملاقات کی۔ ان کی قیادت میں پارٹی کے وفد نے گورنر کو یادداشت پیش کی۔ بعدازاں رام چندر راؤ نے کہا کہ اِس پالیسی سے کئی افراد کو شدید نقصان پہنچے گا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ سابق میں صنعتوں کیلئے شہر میں مختص کردہ قیمتی صنعتی اراضیات کو رئیل اسٹیٹ اداروں کو حوالہ کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ انہوں نے بتایا

کہ کانگریس حکومت کی ناکامیوں کے خلاف اس مہینہ کی سات تاریخ کو اندرا پارک کے پاس بی جے پی کی جانب سے مہا دھرنا منظّم کیا جائے گا۔ گورنر سے ملاقات کرنے والوں میں بی جے ایل پی لیڈر ایلٹی مہیشور ریڈی، ارکان قانون ساز کونسل انجی ریڈی، ایم کوموراایا اور دوسرے شامل ہیں۔

Ditva

محکمہ موسمیات کے مطابق دیتوا طوفان کل شام کمزور ہوکر شدید ہوا کے کم دباؤ کے علاقہ میں تبدیل ہو چکا ہے۔ بتایا گیا ہے کہ آج صبح یہ وسط مغربی خلیجی بنگال چینائی کے جنوب مشرق سے پچاس کلومیٹر اور نیلور کے جنوب مشرق سے دوسو کلومیٹر کے فاصلہ پر مرکوز تھا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آج اور کل ریاست کے بعض اضلاع میں موسلا دھار بارش کا امکان ہے۔ اس کا اثر آندھرا پردیش کے بی آر امبیڈکر کونا سیما ،مغربی گوداوری، کرشنا، گنٹور پر ہوگا جبکہ بعض اضلاع میں موسلا دھار بارش کی پیش قیاسی کی گئی ہے۔

Hudco

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے Hudco کے صدرنشین سنجے کولا شریشٹا سے ریاستی حکومت کی جانب سے تعمیر کروائے جانے والے بھارت فیوچر سٹی کے علاوہ حیدرآباد میٹرو کی توسیع ،آر آر آر اور ریڈیئل روڈس کی تعمیر کیلئے کم شرح سود پر قرض فراہم کرنے کی خواہش کی ہے۔ حیدرآباد میں آج Hudco کے صدرنشین نے ریونت ریڈی سے ملاقات کی۔ اس موقع پر بھارت فیوچر سٹی سے بنگلور، امراوتی سے چینائی تک گرین فیلڈ راہ داری، بندر پورٹ تک تعمیراتی گرین فیلڈ راہ داری، بلٹ ٹرین کے سلسلہ میں چیف منسٹر اور ہڈکو کے صدرنشین کے درمیان بات چیت ہوئی۔ سابق میں زائد شرح سود پر قرض کی فراہم پر از سر نو غور کا مسئلہ چیف منسٹر نے ہڈکو کے صدرنشین کے علم میں لایا جس پر انہوں نے مثبت ردِعمل کا اظہار کیا۔ ہڈکو کے صدرنشین نے ریونت ریڈی کو بتایا کہ تا حال اندراماں مکانات کیلئے قرض منظور کیا گیا ہے۔ چیف منسٹر نے مزید دس لاکھ مکانات کی تعمیر کیلئے تیزی سے قرض منظور کرنے کی خواہش کی جس پر انہوں نے مثبت ردِعمل ظاہر کیا۔

Wanaparthy CM

قبل ازیں آج دوپہر چیف منسٹ ریونت ریڈی ضلع ونپرتی آتماکور ہیلی کاپٹر سے پہنچے۔ چیف منسٹر نے پی جے پی کیمپ احاطہ میں ریاستی وزرائداموودھرراج نرسمہا واکاٹی سری ہری، کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی اورجوپلی کرشناراؤ کے ساتھ مل کر 173 کروڑ روپے کے ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھا۔ انہوں نے 122 کروڑ کی لاگت سے آتماکور سے جوگولامبا گدوال ہائی لیول برتج کی تعمیر، 22 کروڑ کی لاگت سے 50 بیڈس کے ہاسپٹل کی تعمیر کے علاوہ امراچنتا آتماکور بلدیات میں بنیادی سہولیات کیلئے تیس کروڑ روپے کی لاگت کے ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھا۔

Revanth Reddy - Tour

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ متحدہ ریاست کے ساتھ ساتھ 10 سال بی آر ایس دور حکومت میں متحدہ پالمور ضلع کے ساتھ ناانصافی کی گئی۔انہوں نے کہا کہ کسی بھی قائد نے یہاں کے عوام کی مشکلات پر توجہ مرکوز نہیں کی۔ چیف منسٹر نے آج عوامی حکمرانی کی تقاریب کے حصہ کے طور پر ضلع نارائن پیٹ مکتھل میں بعض ترقیاتی کاموں کا آغاز کیا اور جلسہ عام سے خطاب کیا۔ریونت ریڈی نے کہا کہ چاہے کتنا ہی خرچ کیوں نہ ہو متحدہ پارلمور ضلع کے پراجکٹس مکمل کرنے کی ذمہ داری وہ قبول کرتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ابھی تک نارائن پیٹ کوڑنگل پراجکٹ ، پالمور رنگاریڈی پراجکٹ کے کام تیزی کے ساتھ جاری ہے۔ریونت ریڈی نے مشورہ دیا کہ گرام پنچایت انتخابات میں کام کرنے والوں اوراچھے لوگوں کا انتخاب کریں۔